بسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

Wifaq-ul-Madaris-il-Arabia, Pakistan

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

فون نمبر: 27 - 26 - 061-6514525
فیکس نمبر: 061- 6539485

مرکزی دفتر: گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ مُلتان

17-08-2017

میڈیا آفس وفاق المدارس العربیہ پنجاب

اسلام آباد، لاہور، ملتان (............) وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے راہنماؤں مولانا پیر عزیز الرحمٰن ہزاروی، مولانا زبیر احمد صدیقی، مولانا ارشاد احمد نے وفاق المدارس کے ناظم اعلی مولانا محمد حنیف جالندھری کی قیادت میں قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن سے لاہور میں ملاقات کی اور مدارس کے مسائل پر تفصیلی مشاورت کی، بعد ازاں اتحاد تنظیمات مدارس اور جمعیت علماء اسلام کے راہنماؤں نے پنجاب کے اعلی افسران بشمول چیف سیکرٹری ہوم سیکرٹری آئی جی پنجاب ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی دیگر افسران کیساتھ ساڑھے تین گھنٹہ طویل اجلاس کیا، اجلاس کی قیادت وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ناظم اعلیٰ مولانا محمد حنیف جالندھری نے کی، وفاق المدارس پنجاب کے ناظم مولانا زبیر احمد صدیقی، مولانا پیر عزیز الرحمٰن ہزاروی، مولانا ارشاد احمد، جمیعت علمائے اسلام کے مرکزی راہنما مولانا محمد امجد خان، مولانا ڈاکٹر عتیق الرحمٰن، تنظیم المدارس کے مرکزی راہنما مولانا عبدالمصطفیٰ ہزاروی، مولانا غلام محمد سیالوی، وفاق المدارس السّلفیہ کے مولانا یاسین ظفر، رابطۃ المدارس کے مولانا عبدالمالک، وفاق المدارس الشیعہ کے حافظ سید ریاض حسین نجفی بھی انکے ہمراہ تھے، اجلاس میں راہنماؤں نے پنجاب میں مدارس کے ساتھ روا رکھے جانے والے سلوک پر تفصیلی گفتگو کی، جسے اعلی انتظامیہ نے سنا اور ازالہ کی یقین دہانی کرائی، بعد ازاں قائد جمیعت حضرت مولانا فضل الرحمان کی قیادت میں اتحاد تنظیمات مدارس اور جمیعت علمائے اسلام کے راہنماؤں نے وزیر اعلی سے ملاقات کی، دونوں اجلاسوں میں مدارس پر قربانی کی کھالوں پر پابندی، بے قصور علماء کی فورتھ شیڈول میں شمولیت، مجوزہ چیرٹی بل، لاپتہ حضرات، مدارس کی رجسٹریشن اور مدارس پر چھاپوں جیسے مسائل پر تفصیلی گفتگو ہوئی، دونوں اجلاسوں میں حکومت نے یقین دھانی کرائی کہ مدارس کے لئے قربانی کی کھالوں کی رکاوٹ دور کی جائے گی، مدارس کو بروقت اجازت نامہ دیا جائے گا، اور جن مدارس کے خلاف کوئی شکایت ہوگی اور انہیں اجازت نہیں ملے گی انہیں بھی کمشنر کے پاس صفائی اور اپیل کا حق ہوگا، جس کا فیصلہ عید سے پہلے پہلے کیا جائے گا، بے قصور افراد کو فورتھ شیڈول سے نکالا جائے گا، اس سلسلے میں پہلے سے قائم کمیٹی کو فعال کیا جائے گا، مجوزہ چیرٹی بل پر علماء کے تحفظات دور کیے جائیں گے، علماء کو اعتماد میں لیے بغیر بل منظور نہیں کیا جائے گا، رجسٹریشن کے سلسلہ میں بھی رکاوٹیں دور کی جائیں گی، وزیر اعلیٰ میاں شہباز شریف نے فیصلوں پر عملدر آمد کے لیے کمیٹی بنانے کا اعلان کیا، وفاق المدارس کے ناظم اعلی مولانا محمد حنیف جالندھری نے فیصلوں پر عملدر آمد یقینی بنانے کا مطالبہ کیا اور کہا کہ ہمارا اطمینان فیصلوں پر عملدر آمد کی صورت میں ہوگا، اجلاس میں قائد جمیعت مولانا فضل الرحمان نے مذہبی طبقہ کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کو امن کے لیے کی جانے والی مساعی اور ملک کے لیے نقصان دہ قرار دیا، انہوں نے کہا کہ فورتھ شیڈول جیسی دفعات انسانیت کی تذلیل ہیں، اس دفعہ سے دہشت گردی نہیں روکی جاسکتی، مولانا محمد حنیف جالندھری نے کہا کہ فورتھ شیڈول میں صرف علماء کو ہی کیوں ڈالا جاتا ہے، آج تک کسی سیاستدان، اینکر پرسن یا دیگر طبقے کے کسی فرد کو فورتھ شیڈول کیوں نہیں کیا گیا، اس موقع پر وفاقی وزیر مملکت پیر ابوالحسنات اور صوبائی وزیر اوقاف زعیم قادری بھی موجود تھے۔

Email:wifaqulmadaris@gmail.com ph:061-6514525-6-7 fax:061-6539485 web:www.wifaqulmadaris.org